# کیا ناپاک کمبل اوڑھنے سے جسم یا کپڑے ناپاک ہو جائیں گے؟

**مجیب:** مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2069

**تاریخ اجراء:** 23 جمادی الاخریٰ 1446ھ /26 دسمبر 2024ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

اگر کسی بچے کا پیشاب نکل جائے تو بستر تو صاف پانی سے صاف کر دیا، لیکن کمبل نہیں کیا اور وہ سوکھ گیا، تو کیا یہ ناپاک ہو گا؟ اور جو اوڑھے گا کیا وہ بھی ناپاک ہو جائے گا؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اولاً یہ بات ذہن میں رہے کہ جو چیز نچوڑنے کے قابل نہ ہو جیسے گدّا، کمبل وغیرہ، اگر اس پر بچہ پیشاب کر دے تو اس کو پاک کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اس کو جاری پانی میں مثلاً نل وغیرہ کے جاری پانی کے نیچے اتنی دیر رکھیں کہ غالب گمان ہو جائے کہ پانی اس کی نجاست کو بہا لے گیا ہو گا، تو پاک ہو جائے گا۔

اس کو پاک کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ: ایک مرتبہ اچھی طرح دھو کر کسی دیوار وغیرہ پر ڈال دیں، یہاں تک کہ پانی ٹپکنا بند ہو جائے، جب پانی ٹپکنا بند ہو جائے تو پھر دوسری مرتبہ دھوئیں پھر کسی دیوار وغیرہ پر ڈال دیں، یہاں تک کہ پانی ٹپکنا بند ہو جائے، جب پانی ٹپکنا بند ہو جائے، تو تیسری مرتبہ دھوئیں، اس کے بعد جب پانی ٹپکنا بند ہو جائے گا، تو پاک ہو جائے گا۔

نیز گدے یا کمبل کے کسی حصے پر بچے کا پیشاب لگا ہو تو وہ صرف پیشاب کے خشک ہونے سے پاک نہیں ہو گا، جب تک اُسے شرعی طریقے کے مطابق پاک نہ کیا جائے وہ ناپاک ہی رہے گا۔

رہا اسے اوڑھنے والے کے کپڑے یا بدن کا ناپاک ہونا یا اس کمبل کے سبب گدے کا ناپاک ہونا تو اس کے متعلق اصول یہ ہے کہ جب ایک پاک چیز دوسری ناپاک چیز کے ساتھ مل جائے تو جب تک ناپاک چیز سے نجاست چھوٹ کر پاک چیز میں منتقل نہ ہو جائے پاک چیز پاک ہی رہے گی۔ لہٰذا پوچھی گئی صورت میں اگر بچے کا پیشاب لگنے کے سبب

گدا ناپاک تھا، لیکن پیشاب خشک ہو گیا تھا اور اس کی ناپاکی اوڑھنے والے کے کپڑے وغیرہ کی طرف منتقل نہیں ہوئی تو اس کے کپڑے وغیرہ ناپاک نہیں ہوں گے۔

وَ اللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net